سوال

مسلمان کا کافر کی کوئی چیز دیکھ کر ماشاء اللہ کہنا

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

کیا ہم مسلمان کسی کافر کی کوئی خوبصورت چیز کو دیکھ کر ماشاء اللہ کہہ سکتے ہیں۔ ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ماشاء اللہ تو اللہ کی قدرت کاملہ پر دلالت کرنے والے الفاظ ہیں یعنی جو اللہ نے چاہا یا جیسا چاہا، ویسا بنا دیا یا کر دیا۔ پس کفار بھی اللہ ہی کی مخلوق ہیں اور ان کے پاس موجود نعمتیں یا صلاحیتیں بھی اللہ ہی کی طرف سے عطا کردہ ہیں لہذا ان کے ہاں کچھ ایسا دیکھنے پر یہ کلمات کہنے میں کوئی حرج نہیں ہے کیونکہ یہ اللہ تعالی کی ذات کے لیے تعریفی کلمات ہیں۔

ھذا ما عندی واللہ أعلم بالصواب

محدث فتوی

فتوی کمیٹی